ایک اور تحفہ کلیۃ القرآن الکریم والعلوم الاسلامیہ جامعہ لاہور الاسلامیہ سے ہمیں براہ راست موصول ہوا ہے اور سات سو بیس صفحات پر مشتمل کتاب دراصل لاہور سے شائع ہونے والے ایک ماہنامہ ......رشد...... کا خصوصی نمبر ......(قراءات نمبر حصہ اول) ہے......اس کے مزید دو یا تین حصے آنا باقی ہیں......اس کتاب کے اہم عنوانات حسب ذیل ہیں :مدارس دینیہ میں قراءات کی ضرورت ، فاقرؤا ما تیسر من القرآن ، احادیث مبارکہ میں وارد شدہ قراءات ،قرآن کریم کے متعدد لہجات اور ان کی حجیت، احادیث رسول ﷺ کی روشنی میں قراءات ، برصغیر پاک وہند میں تجوید وقراءات کا آغاز ، متعدد قراءات کو ثابت کرنے والی جملہ احادیث ، سبعہ احرف سے مراد اور قراءات عشرہ کی حجیت ،قرآن کے سات حروف ،قراءات عشرہ کی اسانید اور ان کا تواتر ، مروجہ قراءات قرآنیہ اور مطبوع مصاحف کا جائزہ، تعارف علم قراءات اہم سوالات وجوابات ، اختلاف قراءات قرآنیہ اور مستشرقین ، قراءات قرآنیہ کا مقام اور مستشرقین کے شبہات ، منکر قراءات علامہ تمنا عمادی کے نظریات کا جائزہ ،قرآن اور قراءات قرآنیہ کے ثابت ہونے کا ذریعہ،قراءات کے بارے میں اصلاحی اور غامدی موقف ، مصحف مدینہ کی اہمیت اور تعارف ، اشاریہ بر موضوع علم تجوید و قراءات......علمی اعتبار سے مجلّہ رشد کی یہ ایک عمدہ کاوش ہے اور بقول مدیر رشد ابھی اس کے دو مزید حصے آنا باقی ہیں......

ہارون آٹوز

پاک اسٹار موٹر سائیکل

Shop No.2, Ruby Arcade

A.M. 20, Akbar Road Karachi

Tel. 021-4214756